سات سو کے قریب طلباء کو ہاسٹل میں جگہ نہ مل سکی۔ دارالعلوم کی انتظامیہ نے ہنگامی بنیادوں پر طلبہ کیلئے خیمہ بستی کا قیام عمل میں لایا گیا کہ تاکہ فی الحال سر چھپانے کے لئے جگہ میسر ہو۔ بعد میں مستقل بنیادوں پر بندوبست کردیا جائے گا۔

دارالعلوم کی مجلس شوریٰ کا ہنگامی اجلاس

گزشتہ دنوں پے درپے دارالعلوم کی مجلس شوریٰ کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا، جس کا ایجنڈا جدید و قدیم طلباء کا داخلہ ،داخلہ ٹیسٹ، پرچوں کی جانچ پڑتال، دارالاقاموں میں کمروں کی تقسیم و دیگر مسائل موضوع بحث رہے۔ اجلاس میں حضرت مہتمم صاحب اور حضرت نائب مہتمم صاحب بذات خود شریک ہونے کے ساتھ ساتھ اساتذہ اور دارالعلوم کے عملہ نے شرکت کی۔ جس میں تمام اساتذہ کرام نے حسب سابق اپنی ذمہ داریاں نبھانے کا عہد کیا۔

☆ جبکہ دوسرا اجلاس داخلہ کے بعد منعقد ہوا جس میں مہتمم صاحب و نائب مہتمم صاحب سمیت تمام اساتذہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں کمروں اور درسگاہوں کی حاضری ،مطالعہ کی ترتیب اور دارالاقاموں میں مزید رَش کی وجہ سے متبادل انتظامات خصوصاً خیمہ بستی وغیرہ پر طویل غوروخوض کیا گیا۔ تمام اساتذہ کرام نے مہتممین کے سامنے اپنے اسباق اور درسگاہوں کی تفصیلی رپورٹ بھی پیش کی۔

مجلس شوریٰ کی مولانا فیض الرحمٰن حقانی کو خراج تحسین

حضرت مہتمم صاحب اور حضرت مولانا انوارالحق صاحب کی موجودگی میں تمام مجلس شوریٰ نے دارالعلوم کے جید مدرس و محقق حضرت مولانا فیض الرحمٰن حقانی کو ان کی تصنیفی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ حضرت مہتمم صاحب نے فرمایا کہ یہ دارالعلوم کیلئے بہت فخر کی بات ہے کہ اُن کی عربی تصنیف الارشاد الی تحقیق بانت سعاد دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان سے شائع ہوئی۔ لہٰذا اس علمی کام پر وہ ہم سب کی طرف سے شکریہ اور تحسین و تبریک کے مستحق ہیں۔

دارالعلوم میں شعبہ ادب عربی کی تجدید نو:

گزشتہ سال سے دارالعلوم میں جزوی طور پر عربی ادب پڑھانے کیلئے لبنان کی علمی وروحانی شخصیت شیخ محسن الرفاعی کو تعینات کیا گیا۔ اس سال باقاعدہ طور پر درجہ اولیٰ ،ثانیہ، ثالثہ اور درجہ تکمیل میں باقاعدہ اُن کا درس رکھا گیا۔